نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

پنجاب بھر کے اضلاع میں آلو، لہسن اور ٹماٹر کے نمائشی پلاٹس لگانے کا سلسلہ شروع

سبزیوں کے استعمال سے انسانی صحت پر مثبت اثرات مرتب ہونگے اور عوام بیماریوں سے محفوظ رہیں گے

لاہور:06جنوری2017 (   ) محکمہ زراعت پنجاب نے پنجاب بھر کے اضلاع میں آلو، لہسن اور ٹماٹر کے نمائشی پلاٹس لگانے کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ان پلاٹوں کے لگانے کا مقصد کسانوں کو سبزیاں اگانے کی ترغیب دینا ہے۔سبزیوں کی پیداوار میں اضافے سے نہ صرف ان کی قیمتوں میں کمی واقع ہوگی بلکہ عوام میں سبزیاں استعمال کرنے کا رجحان بھی بڑھے گا۔محکمہ زراعت کے مطابق سبزیوں کی پیداوار میں اضافے سے انہیں درآمد کرنے کے امکانات معدوم ہو جائیں گے اور ملک میں اگائی جانے والی سبزیوں کو فروغ ملے گا۔ سبزیوں کے استعمال سے انسانی صحت پر مثبت اثرات مرتب ہونگے اور عوام بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔محکمہ زراعت پنجاب کی طرف سے کسانوں میں سبزیاں اگانے کے حوالے سے سیمینارز کے انعقاد کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

☆☆☆☆☆